نماز کی سب سے بڑی کتاب، مؤلف: حضرت مولانا نذیر الحق صاحب دہلویؒ، ناشر: مکتبۃ الحی والمدنی کراچی، صفحات: ۷۰۰۔

اس کتاب میں نماز کے مسائل و احکام کو نہایت جامعیت اور کافی بسط و تفصیل کے ساتھ جمع کیا گیا ہے، ساتھ ساتھ روزہ، حج، زکوۃ اور احکام قربانی کو بھی ضمناً ذکر کیا گیا ہے، کتاب کے مؤلف حضرت مولانا نذیر الحق صاحب دہلویؒ شیخ الحدیث مدرسہ فتح پوری دہلوی ہیں، یہ کتاب ۶۳ سال قبل تقسیم ہند سے پہلے چھپی تھی، اب مولانا محمد امیر علوی صاحب میرٹھی مدظلہ نے اس پر تخریج و تحقیق اور تعلیق و حواشی کا کام کر کے اس کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے، ہمارے سامنے یہ کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے جو سابقہ طباعتی غلطیوں سے پاک ہے۔ البتہ حاشیہ میں علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف کتاب ''ردالمحتار'' کو جگہ جگہ ''ردالمختار''، ''خ'' کے ساتھ لکھا گیا ہے، جبکہ صحیح ''ح'' کے ساتھ ''ردالمحتار'' ہے، جسے ''حاشیہ ابن عابدین'' اور ''شامی'' بھی کہا جاتا ہے۔

نماز سے متعلق اب تک منظر عام پر آنے والی کتابوں میں یہ سب سے ضخیم اور جامع کتاب ہے، اہل علم اور عوام دونوں اس سے استفادہ کر سکتے ہیں، یہ کتاب عمدہ طباعت کے ساتھ اعلیٰ ورق پر چھپی ہے۔ ملنے کا پتہ ہے: بنگلہ نمبر اے، ۲۳/۳، مدرسہ تحفیظ القرآن، شاہ فیصل کالونی کراچی۔

منتخب مسائل، مؤلف: مفتی محمد زکریا اشرف، ناشر: مکتبۃ الذکری، مکان نمبر: ۲۰۶۴، گلی نمبر ۹۷، آئی ٹین ون، اسلام آباد، صفحات: ۱۲۸۔

اس کتاب میں اکابرین کے فتاویٰ سے دور حاضر کے جدید مسائل کا انتخاب پیش کیا گیا ہے، جن میں فدائی حملوں کا شرعی حکم، الکحل اور اس کے استعمال کا حکم، پرائز بانڈ اور انعامی اسکیموں کا حکم، کریڈٹ کارڈ کی شرعی حیثیت، شیئرز کی خرید و فروخت کا حکم اور عورت کی ملازمت کے احکام وغیرہ شامل ہیں۔ یہ انتخاب جامعہ دارالعلوم کے متخصص جناب مفتی محمد زکریا اشرف صاحب نے مرتب کر کے پیش کیا ہے، اس پیشکش میں عوام الناس اور اہل علم دونوں کی سہولت و آسانی کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ وہ دور حاضر کے جدید مسائل کو یکجا دیکھ سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔

البشیر والنذیر (اردو شرح الترغیب والترہیب)، مترجم: مولانا محمد عثمان صاحب، ناشر: زم زم پبلشرز اردو بازار کراچی، صفحات، حصہ اول: ۷۹۰، حصہ دوم: ۸۵۲۔

''البشیر والنذیر'' کے نام سے دو جلدوں کی یہ کتاب حافظ زکی الدین منذری رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور و معروف تالیف ''الترغیب والترغیب'' کا اردو ترجمہ و تشریح ہے،، بیک ٹائٹل پر کتاب کا تعارف معمولی اضافے کے ساتھ کچھ یوں پیش کیا گیا ہے:

''حضرات محدثین کرامؒ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے، انہوں نے مختلف موضوعات کو سامنے رکھ کر احادیث نبویہ کے مجموعے تیار کیے، انہی میں سے ایک اہم ترتیب ''ترغیب و ترہیب'' کی بھی ہے جس میں چھانٹ چھانٹ کر ان احادیث کو جمع کیا گیا جن میں مختلف اعمال کے اجر و ثواب اور بداعمالیوں کی سزا کا ذکر تھا، اس سلسلے میں علامہ